4722CH03

## سبق – 3

# کُونین

(QUININE)

آج کُونین کی گولیوں کے بارے میں کون نہیں جانتا۔ یہ ملیریا جیسی خطرناک بیماری کی دوا ہے۔ کُونین کی گولیاں 'سِنکونا' نام کے پیڑ کی چھال سے تیار کی جاتی ہیں۔ 'سنکونا' کی اس صفت کا پتا بڑے عجیب وغریب انداز سے چلا۔



'سنکونا' پیڑ اُس وقت جنوبی امریکہ کے جنگلی پیڑوں میں شمار کیا جاتا تھا۔ پہاڑوں میں رہنے والا ایک آدمی اُس وقت ملیریا کے مرض سے پریشان تھا۔ ایک شام اسے پیاس لگی۔ وہ اپنی جھونپڑی سے نکل کر گرتا پڑتا پانی پینے کے لیے تالاب تک جاپہنچا۔ اُس تالاب میں ایک پیڑ گراہوا تھا جس کی وجہ سے پانی بہت کڑوا ہوگیا تھا۔ بیمار آدمی نے تھوڑا سا کڑوا پانی پیا اور واپس لڑکھڑاتا ہوا اپنی جھونپڑی میں چلا گیا۔ اگلے دن صبح جب وہ سوکر اٹھا تو بھلا چنگا تھا۔ اس نے اس بات کا ذِکر اپنے آس پاس رہنے والے لوگوں سے کیا۔ یہ بات سن کر لوگ بہت حیران ہوئے۔

اُس کی یہ بات جب دوسرے لوگوں نے سنی تو انھیں بھی بڑی حیرت ہوئی۔ آخراُس تالاب کے پانی میں

© NCERT not to be republished

ایسی کون سی خاص بات تھی جس کی وجہ سے ملیریا جیسی خطرناک بیماری ٹھیک ہوگئی۔ غور کرنے پر معلوم ہوا کہ وہی پیڑ ''سِنکونا'' اس آدمی کے ٹھیک ہونے کی وجہ ہے۔

اس طرح سنکونا کی چھال ملیریا کی دوا کے طور پر استعمال کی جانے لگی۔ بعد میں یہ بات وہاں کے وائسرائے کو معلوم ہوئی۔ اسی وائسرائے کے ذریعے 'سِنکونا' اسپین پہنچا۔ یہیں سے سِنکونا یورپ کے دیگر ممالک میں پہنچا۔ آج دنیا بھر میں 'سنکونا' کی چھال سے کُونین بنائی جاتی ہے۔ اس طرح ملیریا کی روک تھام میں 'سنکونا' کا بڑا ہاتھ ہے۔

## مشق

### 1. پڑھیے اور سمجھیے:

| | | |
|---|---|---|
| صفت | : | خوبی، اچھّائی |
| جنوبی | : | دکھّنی |
| عجیب وغریب | : | انوکھا |
| بھلا چنگا | : | صحت مند |
| دیگر | : | دوسرا |
| ممالک | : | مُلک کی جمع |

### 2. سوچیے اور بتائیے:

1. کُونین کی گولیاں کس کام آتی ہیں؟

2. تالاب کا پانی کڑوا کیوں ہو گیا تھا؟
3. سنکونا پیڑ کی چھال ملیریا کے لیے کس طرح مفید ثابت ہوئی؟
4. سنکونا دنیا کے دیگر ممالک میں کس طرح پہنچا؟
5. کُونین کی گولیاں کس چیز سے بنائی جاتی ہیں؟

## 3. نیچے دی ہوئی خالی جگہوں کو بھریے:

1. یہ...........................جیسی خطرناک بیماری کی دوا ہے۔
2. ایک آدمی اس وقت ملیریا کے ................ سے پریشان تھا۔
3. اگلے دن صبح جب وہ سوکر اُٹھا تو ........................ تھا۔
4. آج دنیا بھر میں ...................... کی چھال سے کُونین بنائی جاتی ہے۔
5. ملیریا کی روک تھام میں ..................... کا بڑا ہاتھ ہے۔

## 4. نیچے دیے ہوئے لفظوں کے متضاد لکھیے:

بیماری      کڑوا      جھونپڑی      خاص      غریب

## 5. اس سبق میں آپ نے لفظ 'خطرناک' پڑھا ہے جس کا مطلب ہے خطرے سے بھرا ہوا۔ اسی طرح دیے ہوئے لفظوں کو بدل کر لکھیے۔

1. افسوس      ...............................
2. حیرت      ...............................

© NCERT not to be republished

3. خوف ..............................

4. درد ..............................

5. عبرت ..............................

## 6. نیچے دیے ہوئے لفظوں کو جملوں میں استعمال کیجیے:

صفت　　تالاب　　جھونپڑی　　ممالک　　روک تھام

## 7. خوش خط لکھیے:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| خطرناک | .................. | .................. | .................. | .................. | .................. |
| پریشان | .................. | .................. | .................. | .................. | .................. |
| جھونپڑی | .................. | .................. | .................. | .................. | .................. |
| سنکونا | .................. | .................. | .................. | .................. | .................. |
| ممالک | .................. | .................. | .................. | .................. | .................. |

© NCERT not to be republished